ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم

مقامِ جہد

منزلِ مقصد پہ گر پہنچا نہیں ۔۔۔ یاس سے کیوں پُر دلِ ناکام ہے
سعیِ لا حاصل میں بھی پنہاں ہے اجر ۔۔۔ زندگی میں جہد خود انعام ہے
ہر شکست اک فتح کی تمہید ہے ۔۔۔ زندگانی کی روش یہ عام ہے
کوزہ گر کا چاک ہے دورانِ دہر ۔۔۔ اس پہ بنتا زندگی کا جام ہے
بن گیا گِل سے اگر جامِ سفال ۔۔۔ آگ میں جب تک نہ ڈالیں خام ہے
آتشِ سیّال سے اختر گری ۔۔۔ یہ کمالِ گردشِ ایّام ہے
جستجو ہے ارتقا کا راستہ ۔۔۔ ورزشِ فطرت بہ صبح و شام ہے
چوٹ کھا کھا کر شرر پیدا کرے ۔۔۔ زندگی شاید اسی کا نام ہے
"کوششِ بیہودہ بہ از خفتگی"
عارفِ رُومی کا یہ پیغام ہے